ماھنامہ
# اخبار احمدیہ
جماعت احمدیہ جرمنی کا ترجمان
جنوری ۱۹۹۵ء
ایڈیٹر — شمس الحق

کلماتِ طیّبات سیّدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام

## خدا تعالیٰ تمہیں ایک ایسی جماعت بنانا چاہتا ہے کہ تم دنیا کیلئے نیکی اور راستبازی کا نمونہ ٹھہرو

### سو تم ہوشیار ہو جاؤ اور واقعی نیک دل اور غریب مزاج اور راستباز بن جاؤ

سیّدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اپنے اصحاب کو مختلف مواقع پر جو بیش بہا نصائح فرمائیں اور جو حضور علیہ السلام کی قوتِ قدسی کے نتیجہ میں اُن کے تزکیۂ نفوس اور تطہیرِ قلوب کا موجب بنیں اور انہیں فی الحقیقت ایک نئی رُوحانی پیدائش نصیب ہوئی، وہ ہمارے لئے حرزِ جان بنانے کے قابل ہیں۔ اگر ہم انہیں گوشِ ہوش سے سنیں اور ان کے لفظ لفظ پر غور کریں تو یہ ہمیں بھی اسی رُوحانی انقلاب سے ہمکنار کر سکتی ہیں جو آپ کے قدسی صفات صحابہ کی زندگیوں میں برپا ہوا۔ انہی نصائح کا ایک بیش قیمت اقتباس ذیل میں شائع کیا جا رہا ہے۔ خدا ہمیں ان پر غور کرنے اور اپنے مقام کو سمجھتے ہوئے اپنی زندگیوں کو ان کے مطابق ڈھالنے کی توفیق عطا فرمائے کہ اسی میں ہماری اور کل جہان کی حیات کا راز مضمر ہے۔

ادارہ

"میری تمام جماعت جو اس جگہ حاضر ہیں یا اپنے مقام میں بود و باش رکھتے ہیں اس وصیّت کو توجّہ سے سنیں کہ وہ جو اس سلسلہ میں داخل ہو کر میرے ساتھ تعلق ارادت اور مُریدی کا رکھتے ہیں اس سے غرض یہ ہے کہ تا وے نیک چلنی اور نیک بختی اور تقویٰ کے اعلیٰ درجہ تک پہنچ جائیں اور کوئی فساد اور شرارت اور بدچلنی ان کے نزدیک نہ آ سکے۔ وہ پنجوقتہ نماز باجماعت کے پابند ہوں۔ وہ جھُوٹ نہ بولیں۔ وہ کسی کو زبان سے ایذا نہ دیں۔ وہ کسی قِسم کی بدکاری کے مرتکب نہ ہوں اور کسی شرارت اور ظلم اور فساد اور فتنہ کا خیال بھی دل میں نہ لاویں۔ غرض ہر ایک قسم کے معاصی اور جرائم اور ناکردنی اور ناگفتنی اور تمام نفسانی جذبات اور بےجا حرکات سے مجتنب رہیں اور خدا تعالیٰ کے پاک دل اور بے شر اور غریب مزاج بندے ہو جائیں اور کوئی زہریلا خمیر ان کے وجود میں نہ رہے ... اور تمام انسانوں کی ہمدردی ان کا اصول ہو اور خدا تعالیٰ سے ڈریں اور اپنی زبانوں اور اپنے ہاتھوں اور اپنے دل کے خیالات کو ہر ایک ناپاک اور فساد انگیز طریقوں اور خیانتوں سے بچاویں اور پنجوقتہ نماز کو نہایت التزام سے قائم رکھیں اور ظلم اور تعدی اور غبن اور رشوت اور اتلافِ حقوق اور بے جا طرفداری سے باز رہیں اور کسی بد صحبت میں نہ بیٹھیں اور اگر بعد میں ثابت ہو کہ ایک شخص جو ان کے ساتھ آمد و رفت رکھتا ہے وہ خدا تعالیٰ کے احکام کا پابند نہیں ہے ... یا حقوق عباد کی کچھ پرواہ نہیں رکھتا اور یا ظالم طبع اور شریر مزاج اور بدچلن آدمی ہے اور یا یہ کہ جس شخص سے تمہیں تعلقِ بیعت اور ارادت ہے اس کی نسبت ناحق اور بےوجہ بدگوئی اور زبان درازی اور بد زبانی اور بہتان اور افترا کی عادت جاری رکھ کر خدا تعالیٰ کے بندوں کو دھوکہ دینا چاہتا ہے تو تم پر لازم ہوگا کہ اس بدی کو اپنے درمیان سے دُور کرو اور ایسے انسان سے پرہیز کرو جو خطرناک ہے اور چاہئے کہ کسی مذہب اور کسی قوم اور کسی گروہ کے آدمی کو نقصان رسانی کا ارادہ مت کرو اور ہر ایک کے لئے سچے ناصح بنو اور چاہئے کہ شریروں اور بدمعاشوں اور مفسدوں اور بدچلنوں کو ہرگز تمہاری مجلس میں گذر نہ ہو اور نہ تمہارے مکانوں میں رہ سکیں کہ وہ کسی وقت تمہاری ٹھوکر کا موجب ہوں گے۔

یہ وہ امور اور وہ شرائط ہیں جو میں ابتداء سے کہتا چلا آیا ہوں۔ میری جماعت میں سے ہر ایک فرد پر لازم ہوگا کہ ان تمام وصیّتوں کے کاربند ہوں اور چاہئے کہ تمہاری مجلسوں میں کوئی ناپاکی اور ٹھٹھے اور ہنسی کا مشغلہ نہ ہو اور نیک دل اور پاک طبع اور پاک خیال ہو کر زمین پر چلو۔ اور یاد رکھو کہ ہر ایک شر مقابلہ کے لائق نہیں ہے اس لئے لازم ہے کہ اکثر اوقات عفو اور درگذر کی عادت ڈالو اور صبر اور حلم سے کام لو۔ اور کسی پر ناجائز طریق سے حملہ نہ کرو اور جذباتِ نفس کو دبائے رکھو اور اگر کوئی بحث کرو یا کوئی مذہبی گفتگو ہو تو نرم الفاظ اور مہذبانہ طریق سے کرو۔ اور اگر کوئی جہالت سے پیش آوے تو سلام کہہ کر ایسی مجلس سے جلد اُٹھ جاؤ۔ اگر تم ستائے جاؤ اور گالیاں دئے جاؤ اور تمہارے حق میں بُرے بُرے لفظ کہے

باقی ص۴ پر ملاحظہ فرمائیں

خلفائے احمدیت کے اہم اور زریں ارشادات

## تقویٰ یہی ہے کہ انسان بالکل خدا کا ہو جاوے

ارشاد سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ تعالیٰ عنہ

خدا کی راہوں کا علم انسان کو تقویٰ کے ذریعہ سے حاصل ہوتا ہے جیسا کہ وہ فرماتا ہے واتقوا اللّٰہ، و یعلمکم اللّٰہ، تم تقویٰ اختیار کرو اللہ تم کو علم عطا کرے گا جس سے تم اس کی رضامندی کی راہ پر چل سکو گے۔ تقویٰ یہی ہے کہ انسان بالکل خدا کا ہو جاوے۔ اس کا اٹھنا بیٹھنا، چلنا پھرنا، کھانا پینا ہر ایک حرکت و سکون خدا کے لئے ہو جب وہ ہمہ تن اپنے وجود اور ارادوں کو خدا کے لئے بنا دے گا تو پھر خدا بھی اس کا بن جاوے گا۔

✪

## سلسلہ کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچائیے

ارشاد سیدنا حضرت المصلح الموعود خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ہماری جماعت کے دوستوں کو اس بات کا خیال رکھنا چاہیئے کہ ان کے وجود سے سلسلہ کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچے۔ سلسلہ تم سے سارا مال نہیں مانگتا لیکن تم سے یہ خواہش ضرور کرتا ہے کہ تم اپنے مالوں اور پیشوں میں ایسے طور پر ترقی کرو کہ اس سے سلسلہ کو فائدہ پہنچے۔

(خطبہ جمعہ ۷ر مارچ ۱۹۴۷ء)

✪

## ہماری زندگی کا مقصد

ارشاد سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ

ہماری زندگی کا مقصد یہ ہے کہ ہم اس خوشحالی کو حاصل کریں جس کے نتیجے میں دائمی مسرت اور دائمی خوشیاں ملتی ہیں اور جس کی بھوک اور پیاس اللہ تعالیٰ نے ہماری فطرت کو لگا دی ہے اور جس کے عرفان کا حصول ضروری ہے ایسی معرفت جس کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ کی صفات (جلالی اور جمالی بھی) انسان پر جلوہ گر ہوتی ہیں جس کے بعد انسان کا دل خدا تعالیٰ کے خوف سے بھر جاتا ہے۔ یہ خوف کہ کہیں وہ ہم سے ناراض نہ ہو جائے کیونکہ ہم اس کی ناراضگی کو برداشت نہیں کر سکتے اور جس کے نتیجہ میں ہمارا دل اس کی محبت سے لبریز ہو جاتا ہے

✪

## رزق میں وسعت کا راز

ارشاد سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

جب خدا کے نام پر آپ سے مانگا جائے تو خدا کو حاضر ناظر جان کر اپنے حالات پر غور کر کے اس سے تعلق بڑھانے کے لئے، اس سے پیار کے رشتے قائم کرنے کے لئے پیش کیا کریں۔ پھر دیکھیں آپ کی تنگ دستیاں بھی دور ہونی شروع ہو جائیں گی اور آپ کے رزق میں غیر معمولی وسعت ملے گی۔

(خطبہ جمعہ ۲۷ر دسمبر ۱۹۹۱ء)

## حمد باری تعالیٰ

وہ روگی کو صحت و شفا دے رہا ہے — اور جوگی کو صبر و رضا دے رہا ہے
ہر اک شے کا مالک وہ صُوفی کا سالک — وہ ذرّوں کو مہر و وفا دے رہا ہے
عنایت ہے اُس کی اگر کوئی انساں — صدا سُن رہا ہے صدا دے رہا ہے
وہی بے کسی، بے لبسی میں سہارا — وہی بے نوا کو نوا دے رہا ہے
اُسی کا یہ احسان ہے کہ جو کوئی — دَوا لے رہا ہے دُعا دے رہا ہے
وہ چمکائے ذہنوں میں حُسنِ معانی — سخنور کو حرفِ ثنا دے رہا ہے
یہ سانسوں کی دولت یہ لمحوں کی مہلت — ہمیں بھی تمہیں بھی خدا دے رہا ہے
چمک ہے اُسی کی کرم ہے اُسی کا — اگر روشنی ہر دِیا دے رہا ہے
ہوُا میرا ذوقِ طلب پانی پانی — وہ بِن مانگے اس سے سِوا دے رہا ہے
کہاں تک گنیں نعمتیں اُس کی عابدؔ — ہمیں جانے وہ کیا سے کیا دے رہا ہے

مبارک احمد عابدؔ (ربوہ)

## خوش آمدی نیک آمدی

اسیرانِ راہِ مولا کی خدمت میں منظوم استقبالیہ

اَے غازیانِ کارواں ✿ کلمہ کے تم ہو پاسباں
دل حمد سے سجدہ کناں ✿ تم ہو ہمارے درمیاں
خوش آمدی نیک آمدی

ہم پھر رہے تھے کُو بکُو ✿ تھی بس تمہاری جستجو
بولا فلک لَا تَقْنَطُوْا ✿ ہوگی رہائی بے گماں
خوش آمدی نیک آمدی

کام آئی آقا کی دُعا ✿ تم ہو گئے آخر رہا
خوشیوں کا عالم جابجا ✿ ہیں بام و در سب نغمہ خواں
خوش آمدی نیک آمدی

وہ بندۂ عالی جناب ✿ جس کو تھا درد و اضطراب
اس کی دعائے مستجاب ✿ لائی حیاتِ جاوداں
خوش آمدی نیک آمدی

حق و صداقت کے لئے ✿ دیں کی حفاظت کے لئے
قرآں کی عظمت کے لئے ✿ تم نے لٹا دی اپنی جاں
خوش آمدی نیک آمدی

تم فضل کے مورد ہو ✿ رحمت کے تم وارث بنو
اے راہِ حق کے غازیو ✿ تم پر خدا ہو مہرباں
خوش آمدی نیک آمدی

ربوہ کا شہرِ دلکشا ✿ پھر آپ کے دَم سے ہوُا
رشکِ بہارِ جانفزا ✿ شبیرؔ ہے یوں نغمہ خواں
خوش آمدی نیک آمدی

چوہدری شبیر احمد۔ ربوہ

اہم جماعتی خبریں

# خبرنامہ جرمنی

## ۴۶ واں انٹرنیشنل بک فیئر

فرینکفرٹ میں ہر سال ماہ اکتوبر میں انٹرنیشنل بک فیئر منعقد ہوتا ہے جس میں جماعت احمدیہ جرمنی نے امسال بھی اپنی روایت کے مطابق کتب کا تبلیغی سٹال لگایا۔ سٹال کو ہر لحاظ سے دیدہ زیب اور خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔ سٹال کی تزئین و آرائش کے لئے مکرم ڈاکٹر وسیم احمد صاحب طاہر اور مکرم جمیل شاہد صاحب خاص طور پر ہائیڈل برگ سے تشریف لائے تھے۔ مکرم محمد اکرم صاحب اور مکرم جاوید اختر صاحب نے بھی اپنا خصوصی تعاون پیش کیا۔

سٹال کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔ ایک حصہ لٹریچر اور دوسرا حصہ قرآن کریم کے تراجم کا تھا جس میں جرمن زبان کے علاوہ دیگر مختلف زبانوں میں بھی قرآن کریم کے تراجم رکھے گئے تھے۔ اس کے علاوہ منتخب آیات، احادیث اور ملفوظات بھی بہت سی زبانوں میں موجود تھے۔ علاوہ ازیں مختلف زبانوں میں لٹریچر کا نمونہ بھی رکھا گیا۔ امسال ۸ نئی کتب کا تعارف کروایا گیا۔ سیرت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بے حد پسند کیا گیا۔ منارۃ المسیح کے ماڈل کی وجہ سے بھی ہمارا سٹال لوگوں کے لئے کشش کا باعث رہا۔ نیز ٹی وی اور وڈیو کیسٹ کے ذریعہ جماعت کا خصوصی تعارفی و تبلیغی پروگرام بھی ہمہ وقت پیش کیا اور دکھایا جاتا رہا جو لوگوں کے لئے بہت دلچسپی کا باعث بنا رہا۔ علاوہ ازیں ایم ٹی اے (مسلم ٹیلی وژن احمدیہ) کا تعارف بھی کروایا جاتا رہا۔ اس سلسلہ میں ایک تعارفی پمفلٹ بھی شائع کیا گیا تھا۔

سٹال پر پورے ایام میں بہت رونق رہی۔ جرمن اور دیگر اقوام کے لوگوں نے ہمارے سٹال میں بہت دلچسپی لی اور اکثر نے اسلام کے بارہ میں سوالات کئے جن کے مؤثر رنگ میں جوابات مکرم عبدالباسط صاحب طارق مبلغ سلسلہ، مکرم لئیق احمد صاحب منیر مبلغ سلسلہ، مکرم ہدایت اللہ ہبش صاحب، مکرم محمد اکرم صاحب اور مکرم یحییٰ باجوہ صاحب دیتے رہے۔ مکرمہ ربیعہ یالنس صاحبہ، مکرمہ دردانہ مقصود صاحبہ اور مکرمہ آصفہ جاوید صاحبہ نے لجنہ کی نمائندگی کی۔

ایک محتاط اندازہ کے مطابق قریباً ۷۵۰۰ افراد نے مفت لٹریچر حاصل کیا اور بہت سے افراد نے قرآن کریم اور دیگر کتب سلسلہ کے آرڈر بھی دیئے۔ سٹال پر تشریف لانے والے دیگر افراد کی تعداد اس کے علاوہ تھی جو بلاشبہ کئی ہزار تھی۔ مکرم امیر صاحب جرمنی، مکرم نائب امیر صاحب اور نیشنل سیکرٹری صاحب اشاعت نیز مکرم مولانا محمد الیاس منیر صاحب اسیر راہ مولا بھی جماعتی سٹال پر تشریف لائے اور سٹال پر آنے والوں سے تبلیغی گفتگو کی۔ مکرم الیاس منیر صاحب سعودی عرب کے ایک سٹال پر بھی تشریف لے گئے اور عرب دوستوں سے عربی زبان میں بڑی مفید اور مؤثر رنگ میں تبلیغی گفتگو کی۔ ہالینڈ کے ایک پریس فوٹو گرافر بھی جماعتی سٹال پر آئے اور بہت دلچسپی لی اور مختلف کتب کی تصاویر لیں۔ اللہ تعالیٰ اس سٹال کے بہترین نتائج ظاہر فرمائے۔

## اسیر راہِ مولا مکرم مولانا محمد الیاس صاحب منیر کی جرمنی آمد

۲؍اکتوبر ۱۹۹۴ء کو مکرم مولانا محمد الیاس صاحب منیر جو کہ ایک لمبا عرصہ اسیر راہِ مولا رہ چکے ہیں جرمنی تشریف لائے۔ فرینکفرٹ ایرپورٹ پر مکرم امیر صاحب جرمنی، نیشنل عاملہ ممبران اور دیگر احباب کی کثیر تعداد نے ان کا خیر مقدم کیا اور پھول پہنائے۔ ایئرپورٹ سے آپ کو جماعت کے مرکز MITTELWEG لایا گیا جہاں ان کے اعزاز میں ایک استقبالیہ تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت مکرم ڈاکٹر عبدالشکور صاحب اسلم نائب امیر جماعت جرمنی نے کی۔ اس تقریب میں مکرم مولانا محمد الیاس صاحب منیر نے احباب سے مختصراً خطاب فرمایا۔

## جلسہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم

۳؍اکتوبر ۱۹۹۴ء کو جماعت فرینکفرٹ کے زیر اہتمام ایک عظیم الشان جلسہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم MITTELWEG میں منعقد ہوا جس میں فرینکفرٹ اور اس کے گرد و نواح کی جماعتوں کے احباب نے کثیر تعداد میں شمولیت کی۔ اس اجلاس میں مکرم مولانا الیاس منیر صاحب نے بھی شرکت کی اور سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر حاضرین سے خطاب کیا۔ جلسہ کے دیگر مقررین میں مکرم ڈاکٹر عبدالشکور اسلم خان صاحب، مکرم مبشر احمد سیال صاحب، مکرم ظفر اللہ احمد صاحب اور چوہدری محمد شریف خالد صاحب شامل تھے۔ جبکہ مکرم فلاح الدین خان صاحب نے منظوم نذرانۂ عقیدت بڑی خوش الحانی سے پیش کیا۔ اس موقع پر فرینکفرٹ روڈل ہائم کے بچوں نے ایک خصوصی پروگرام بھی پیش کیا۔

## خدام الاحمدیہ کے نئے سینٹر کی خرید

مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی نے فرینکفرٹ کے نواحی شہر آفن باخ میں ایک وسیع و عریض عمارت خریدی ہے جسے خدام الاحمدیہ کے سینٹر کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔ تین منزلوں پر مشتمل اس عمارت کے لئے "ایوانِ خدمت" کا نام تجویز کیا گیا ہے۔ خدا تعالیٰ اس سینٹر کی خرید کو بہت بابرکت کرے اور خدام الاحمدیہ کو پہلے سے بہت بڑھ کر خدمت کے کاموں کی توفیق بخشے۔ آمین۔

## یوم پاکستان ۱۴؍اگست ۱۹۹۴ء

مورخہ ۱۳-۱۴؍اگست ۱۹۹۴ء کو خدام الاحمدیہ جرمنی نے دو روزہ ہاکی اور باسکٹ بال کے ٹورنامنٹس کا انعقاد کروایا جس میں فرینکفرٹ، بریمن اور ہمبرگ کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ ہاکی میں بریمن کی ٹیم اول رہی جبکہ فرینکفرٹ اور ہمبرگ کی ٹیموں نے بالترتیب دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کی۔

## بقیہ ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ السلام

جائیں تو ہوشیار رہو کہ سفاہت کا سفاہت کے ساتھ تمہارا مقابلہ نہ ہو ورنہ تم بھی ویسے ہی ٹھہرو گے جیسا کہ وہ ہیں۔ خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ تمہیں ایک ایسی جماعت بنا دے کہ تم تمام دنیا کے لئے نیکی اور راستبازی کا نمونہ ٹھہرو۔ سو اپنے درمیان سے ایسے شخص کو جلد نکالو جو بدی اور شرارت اور فتنہ انگیزی اور بدنفسی کا نمونہ بنے۔ جو شخص ہماری جماعت میں غربت اور نیکی اور پرہیزگاری اور حلم اور نرم زبانی اور نیک مزاجی اور نیک چلنی کے ساتھ نہیں رہ سکتا وہ جلد ہم سے جدا ہو جائے کیونکہ ہمارا خدا نہیں چاہتا کہ ایسا شخص ہم میں رہے اور یقیناً وہ بدبختی میں مرے گا کیونکہ اس نے نیک راہ کو اختیار نہ کیا۔ سو تم ہوشیار ہو جاؤ اور واقعی نیک دل اور غریب مزاج اور راستباز بن جاؤ۔ تم پنجوقتہ نماز اور اخلاقی حالت سے شناخت کئے جاؤ گے۔ اور جس میں بدی کا بیج ہے وہ اس نصیحت پر قائم نہیں رہ سکے گا۔

چاہیئے کہ تمہارے دل فریب سے پاک اور تمہارے ہاتھ ظلم سے بری اور تمہاری آنکھیں ناپاکی سے منزّہ ہوں اور تمہارے اندر بجز راستی اور ہمدردیٔ خلائق کے اور کچھ نہ ہو۔"

(اپنی جماعت کو متنبہ کرنے کے لئے ایک ضروری اشتہار۔ رقم فرمودہ ۲۹ مئی ۱۸۹۸ء)

## آمین

میرے بیٹے عزیزم حماد احمد میلو جو کہ تحریک وقفِ نو میں شامل ہے نے خدا تعالیٰ کے فضل سے چار سال تین ماہ کی عمر میں قرآن پاک کا پہلا دور مکمل کر لیا ہے۔ عزیزم حماد نے نماز معہ دعائے قنوت اور چند سورتیں اور احادیث بھی زبانی یاد کر لی ہیں۔

فہمیدہ ناز اہلیہ منور احمد میلو ——— RECKLINGHAUSEN

جماعت NORDHOLZ کے دو بچوں عزیزم وقار محمود اعوان ابن مکرم بشیر احمد صاحب اعوان اور عزیزہ امتہ الحیٔ بنت مکرم محمد اشرف صاحب نے بالترتیب ۵ سال ۸ ماہ اور ۵ سال ۴ ماہ کی عمر میں خدا تعالیٰ کے فضل سے قرآن کریم کا پہلا دور مکمل کر لیا ہے۔

اللہ تعالیٰ ان سب بچوں کو قرآن پاک سے وابستہ تمام برکات کا وارث بنائے۔

## پانچویں مجلس شوریٰ مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی

مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی کی پانچویں مجلس شوریٰ مورخہ ۲ اور ۳ اکتوبر ۱۹۹۴ء کو ناصر باغ گروس گیراؤ میں منعقد ہوئی۔ اس مجلس شوریٰ میں ملک بھر سے ۲۲۰ مجالس کے قائدین اور نمائندگان نے شرکت کی۔ ۲۵ طلباء اور بہت سے زائرین بھی مجلس شوریٰ میں شامل ہوئے۔

"تم نے جو کچھ کرنا ہے خدا کی خاطر کرنا ہے اور خدا تعالیٰ تمہارے کام کو دیکھ رہا ہے اور وہی اس کا اجر دے گا۔"

(فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ یکم اکتوبر ۱۹۵۴ء)

## ضروری اعلانات

"الفضل انٹرنیشنل" کے خریدار بننے کے لئے بعض احباب براہ راست لندن خط لکھتے ہیں اور اس کی ایک کاپی شعبہ اشاعت جرمنی کو بھی بھجوا دیتے ہیں۔ یہ طریقۂ کار درست نہیں۔ جرمنی میں الفضل انٹرنیشنل کے خریدار بننے کے لئے براہ کرم شعبہ اشاعت جرمنی ہی سے رابطہ کیا کریں۔ ہر خریدار کے ایڈریس پر AFC نمبر درج ہوتا ہے۔ خط و کتابت کرتے وقت اس نمبر کا حوالہ ضرور دیا کریں۔

صدران جماعت سے گزارش ہے کہ الفضل انٹرنیشنل میں اشاعت کے لئے اپنی جماعت کی تبلیغی و دیگر سرگرمیوں سے شعبہ اشاعت جرمنی کو ضرور آگاہ کیا کریں۔

جرمنی میں مقیم طلباء و طالبات کے تعلیمی کوائف سے متعلق ایک سروے فارم کئی ماہ قبل جماعتوں کو بھجوایا گیا تھا۔ صرف چند ایک جماعتوں نے یہ فارم مرکز کو واپس ارسال کیا ہے۔ براہ مہربانی جلد از جلد یہ سروے فارم پُر کر کے شعبہ تعلیم جماعت احمدیہ جرمنی کو ارسال فرمائیں۔

مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی کے نئے مرکزی دفتر کا ایڈریس اور فون نمبرز یہ ہیں:

LUISEN STR. 82-A
63067 OFFENBACH
TEL. 069- 825634 & 824154


احمدی بھائیوں کی اپنی قابلِ اعتماد ٹریول ایجنسی

ہوائی سفر کیلئے

INDO-ASIA REISEDIENST

کی خدمت کے نئے انداز

دُنیا کے گرد پھیلے ہوئے پانچ برِّاعظموں میں کسی بھی ملک میں سفر کرنے کیلئے مناسب داموں پر ہوائی جہاز کے ٹکٹ حاصل کریں اور

اسی طرح پاکستان کے مختلف شہروں کے بارعایت ٹکٹ کے حصول کیلئے ہماری خدمات سے ضرور فائدہ اٹھائیں

جلسہ سالانہ قادیان کیلئے

بکنگ جاری ہے

کراچی : ۱۰۳۰

لندن : ۲۲۶

بنکاک : ۹۸۰

دہلی ۹۹۹ مارک



امریکہ اور کینیڈا کیلئے ——— Last Minute Price نیویارک ۵۲۰ - ٹورنٹو ۶۹۰ مارک

عمرہ یا حج کی ادائیگی ہر مسلمان کی دلی آرزو ہے، پاکستان جاتے ہوئے اس اہم ترین سفر کے لئے ہم سے رابطہ کیجئے اور اپنی نشست محفوظ کرا لیجئے۔ مسافروں کا آرام ہمیشہ ہماری اوّلین ترجیح رہا ہے۔ عید الفطر ہو یا عید الاضحیٰ یقیناً آپ وطن عزیز میں مقیم اپنے عزیز و اقارب کے ساتھ منانے کے لئے فطری طور پر ایک کشش رکھتے ہیں، خوشگوار اور آرام دہ سفر کی تکمیل کے لئے خصوصی رعایت کے ساتھ اپنی نشست محفوظ کرا لیجئے۔ بکنگ جاری ہے

آپ جرمنی کے کسی بھی ایئرپورٹ سے براستہ فرینکفرٹ ڈائریکٹ لاہور اور اسلام آباد فضائی سفر کر سکتے ہیں

نیز ہمارے ہاں انگریزی اور اُردو کا جرمن زبان میں ترجمہ کروانے کا بندوبست بھی موجود ہے

آپ کی خدمت کے منتظر

منیر احمد چوہدری (ایئرپورٹ سوشیال ڈینسٹ) عبدالسمیع (وینٹے وکیل والے)

INDO-ASIA REISEDIENST
Am Hauptbahnhof 8, 60599 Frankfurt
Tel. (0 69) 23 61 81 Fax (0 69) 23 07 94